# قرآنِ حکیم

## قرآن فہمی کے دو اولین قرآنی اصول

1-اس کی آیات باہم ملتی ہیں یعنی ان میں اختلاف نہیں 39/23 جن لوگوں نے اس کتاب میں اختلاف سمجھا وہ دور کی گمراہی میں ہیں 2/176

2-ہم اس کی آیات تصریف کے طریقے سے بیان کرتے ہیں تا کہ اس کی تشریح کریں 6/105 یعنی کسی بھی مسئلہ میں قرآن سے صحیح راہنمائی اس وقت تک نہیں مل سکتی جب تک متعلقہ مضمون کی تمام آیات یکجا کر کے سب سے مفصل اور محکم آیت کا حکم تسلیم نہ کیا جائے۔

## عکس ترجمہ — فتح محمد جالندھری

## قرآن کے طالب علم کے لئے قرآنی ہدایات

1-ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے کوئی ہے جو سمجھے 54/17,22,32,40 اب کوئی بھی یہ کہے کہ قرآن فلاں علم کے بغیر سمجھ نہیں آتا الٰہی دعویٰ کا بطلان ہے

2-قرآن میں ہر چیز کا (اصولاً) مفصل اور کھلا بیان ہے 16/89,17/12,17/89,18/54,22/16,30/58,41/3 جزیات کی بنا پر قرآن کو نامکمل سمجھنا گمراہی ہے

3-اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان ہے کہ قرآن ہی بہترین تفسیر ہے 25/33 اب قرآن کو کسی انسانی تفسیر کا محتاج بنانا اللہ کے فرمان کی توہین ہے۔

## ترمیم ترجمہ وحاشیہ

## ادنیٰ طالب علم تفسیر قرآن بالقرآن محمد زبیر بلوچ

(ضرورت/مقصدِ ترمیم ☆ ترجمہ میں موجود تضاد کو دور کرنے کی سعی کیونکہ بفرمانِ الٰہی قرآن میں کوئی تضاد نہیں)

نوٹ:-ترمیم وحاشیہ انتہائی اخلاص کے ساتھ قرآنی حوالوں ساتھ لکھے گئے ہیں مگر پھر بھی حرف آخر نہیں ہر طالب ہدایت پر تحقیق واجب ہے۔

# فہرستِ حاشیہ


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | صلوٰۃ کا قرآنی مفہوم ۔ نماز سکھائی گئی | 52-4 |
| 2 | قلب بمطابق قرآنی و سائنسی اصطلاح | 5 |
| 3 | المعروف آدم کو سجدہ اور آدم کی افضلیت | 9 - 364 |
| 4 | فقتلوا انفسکم سے مراد | 12 |
| 5 | یہودی، عیسائی، ستارہ پرستوں کے اعمالِ صالح | 14 - 150 |
| 6 | اُمّیُّون کی قرآنی اصطلاح | 17 - 721 |
| 7 | میاں بیوی میں جدائی کی وجہ اور ردِ عقیدہ ناسخ و منسوخ | 22 |
| 8 | پیغمبروں کی اللہ سے بالمشافہ گفتگو - اتقوا اللہ" کا صحیح مفہوم | 62-55 |
| 9 | صدور بمعنی دماغ سائنسی اصطلاح | 70 - 432 |
| 10 | عیسیٰؑ کی قوم کامیاب ہوئی یا عیسیٰؑ ۔؟ (انی متوفیك ورا فعك) | 75 |
| 11 | شہید کی زندگی اور رزق (چار گواہ / ہم جنس پرستی) | 94-104 |
| 12 | وجوھکم پر اعراب کی تبدیلی کی وجہ سے معنوی تبدیلی | 110 - 137 |
| 13 | بل رفع اللہ الیہ کا قرآنی مفہوم | 131 |
| 14 | وصیلہ اور حام | 156 |
| 15 | مسجد اقصیٰ کی زمانی حقیقت | 355 |
| 16 | موسیٰ کے خوف کی اصل وجہ | 403 |
| 17 | لونڈی بمقابل بیوی | 437 - 745 |
| 18 | 1۔ استویٰ علی العرش 2۔ قیامت کے دن کے متعلق غلط فہمی | 534-258 |
| 19 | 1- النار یعرضون 2- لعلم الساعۃ کا فاعل اللہ تعالیٰ ہے یا عیسیٰؑ | 637-610 |
| 20 | 1- انی سقیم 2- قسم بت توڑنے کی | 418 - 578 |


قرآنی لفظ" یشاء" قرآن میں 116 مقامات پر آیا ہے۔ لفظی معنی اللہ کی چاہت کے ہی ہیں۔ لیکن اللہ کے بندوں کے لئے تصریف آیات کے تحت قرآنی قانون "لیس للانسان الا ما سعٰی" ہی نافذ العمل ہوگا۔

| نمبر۔نام سورت | صفحہ نمبر | نمبر۔نام سورت | صفحہ نمبر | نمبر۔نام سورت | صفحہ نمبر | نمبر۔نام سورت | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔الفاتحہ | 4 | ۳۰۔الروم | 521 | ۵۹۔الحشر | 712 | ۸۸۔الغاشیہ | 780 |
| ۲۔البقرہ | 4 | ۳۱۔لقمان | 529 | ۶۰۔الممتحنہ | 716 | ۸۹۔الفجر | 782 |
| ۳۔آل عمران | 65 | ۳۲۔السجدہ | 534 | ۶۱۔الصف | 719 | ۹۰۔البلد | 783 |
| ۴۔النساء | 100 | ۳۳۔الاحزاب | 538 | ۶۲۔الجمعہ | 721 | ۹۱۔الشمس | 784 |
| ۵۔المائدہ | 134 | ۳۴۔سبا | 550 | ۶۳۔المنافقون | 723 | ۹۲۔اللیل | 785 |
| ۶۔الانعام | 159 | ۳۵۔فاطر | 559 | ۶۴۔التغابن | 725 | ۹۳۔الضحیٰ | 786 |
| ۷۔الاعراف | 189 | ۳۶۔یٰسین | 566 | ۶۵۔الطلاق | 727 | ۹۴۔الم نشرح | 787 |
| ۸۔الانفال | 222 | ۳۷۔الصفت | 573 | ۶۶۔التحریم | 730 | ۹۵۔التین | 787 |
| ۹۔التوبہ | 234 | ۳۸۔ص | 584 | ۶۷۔الملک | 733 | ۹۶۔العلق | 787 |
| ۱۰۔یونس | 257 | ۳۹۔الزمر | 592 | ۶۸۔القلم | 736 | ۹۷۔القدر | 788 |
| ۱۱۔ہود | 275 | ۴۰۔المومن | 603 | ۶۹۔الحاقہ | 740 | ۹۸۔البینۃ | 789 |
| ۱۲۔یوسف | 293 | ۴۱۔حم السجدہ | 615 | ۷۰۔المعارج | 743 | ۹۹۔الزلزال | 789 |
| ۱۳۔الرعد | 312 | ۴۲۔الشوریٰ | 623 | ۷۱۔نوح | 746 | ۱۰۰۔العادیات | 790 |
| ۱۴۔ابراہیم | 320 | ۴۳۔الزخرف | 631 | ۷۲۔الجن | 748 | ۱۰۱۔القارعہ | 791 |
| ۱۵۔الحجر | 328 | ۴۴۔الدخان | 640 | ۷۳۔المزمل | 751 | ۱۰۲۔التکاثر | 791 |
| ۱۶۔النحل | 336 | ۴۵۔الجاثیہ | 644 | ۷۴۔المدثر | 754 | ۱۰۳۔العصر | 792 |
| ۱۷۔بنی اسرائیل | 355 | ۴۶۔الاحقاف | 649 | ۷۵۔القیمہ | 757 | ۱۰۴۔الہمزہ | 792 |
| ۱۸۔الکہف | 371 | ۴۷۔محمد | 655 | ۷۶۔الدہر | 759 | ۱۰۵۔الفیل | 793 |
| ۱۹۔مریم | 387 | ۴۸۔الفتح | 661 | ۷۷۔المرسلت | 762 | ۱۰۶۔قریش | 793 |
| ۲۰۔طٰہٰ | 397 | ۴۹۔الحجرات | 667 | ۷۸۔النباء | 765 | ۱۰۷۔الماعون | 794 |
| ۲۱۔الانبیاء | 411 | ۵۰۔ق | 670 | ۷۹۔النزعت | 767 | ۱۰۸۔الکوثر | 794 |
| ۲۲۔الحج | 425 | ۵۱۔الذریات | 674 | ۸۰۔عبس | 769 | ۱۰۹۔الکافرون | 795 |
| ۲۳۔المومنون | 437 | ۵۲۔الطور | 679 | ۸۱۔التکویر | 771 | ۱۱۰۔النصر | 795 |
| ۲۴۔النور | 449 | ۵۳۔النجم | 683 | ۸۲۔الانفطار | 773 | ۱۱۱۔لہب | 795 |
| ۲۵۔الفرقان | 461 | ۵۴۔القمر | 687 | ۸۳۔المطففین | 774 | ۱۱۲۔الاخلاص | 796 |
| ۲۶۔الشعراء | 470 | ۵۵۔الرحمٰن | 692 | ۸۴۔الانشقاق | 776 | ۱۱۳۔الفلق | 796 |
| ۲۷۔النمل | 485 | ۵۶۔الواقعہ | 696 | ۸۵۔البروج | 777 | ۱۱۴۔الناس | 796 |
| ۲۸۔القصص | 497 | ۵۷۔الحدید | 701 | ۸۶۔الطارق | 778 | | |
| ۲۹۔العنکبوت | 511 | ۵۸۔المجادلہ | 707 | ۸۷۔الاعلیٰ | 779 | | |

| | |
|---|---|
| فَالْيَوْمَ الَّذِينَ آمَنُوا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ (34) | تو آج مومن کافروں سے ہنسی کریں گے (34) |
| عَلَى الْأَرَائِكِ يَنْظُرُونَ (35) | (اور) تختوں پر (بیٹھے ہوئے ان کا حال) دیکھ رہے ہوں گے (35) |
| هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ (36) | تو کافروں کو ان کے عملوں کا (پورا پورا) بدلہ مل گیا (36) |

ع 1 36 8

## سُورَةُ الانشقاق مكية — آياتها 25 — ركوعها 1

سورۂ انشقاق مکی ہے اس میں پچیس آیتیں ہیں

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے |
| إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ (1) | جب آسمان پھٹ جائے گا (1) |
| وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (2) | اور اپنے پروردگار کا فرمان بجالائے گا اور اسے واجب بھی یہی ہے (2) |
| وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ (3) | اور جب زمین ہموار کردی جائے گی (3) |
| وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ (4) | اور جو کچھ اس میں ہے اسے نکال کر باہر ڈال دے گی اور (بالکل) خالی ہو جائے گی (4) |
| وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (5) | اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کرے گی اور اس کو لازم بھی یہی ہے (تو قیامت قائم ہو جائے گی) (5) |
| يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ (6) | اے انسان تو اپنے پروردگار کی طرف (پہنچنے میں) خوب کوشش کرتا ہے سو اس سے جا ملے گا (6) |
| فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ (7) | تو جس کا نامہ (اعمال) اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا (7) |
| فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا (8) | اس سے حساب آسان لیا جائے گا (8) |
| وَيَنْقَلِبُ إِلَىٰ أَهْلِهِ مَسْرُورًا (9) | اور وہ اپنے گھر والوں میں خوش خوش آئے گا (9) |
| وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ (10) | اور جس کا نامہء (اعمال) اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا (10) |
| فَسَوْفَ يَدْعُو ثُبُورًا (11) | وہ موت کو پکارے گا (11) |
| وَيَصْلَىٰ سَعِيرًا (12) | اور دوزخ میں داخل ہوگا (12) |
| إِنَّهُ كَانَ فِي أَهْلِهِ مَسْرُورًا (13) | یہ اپنے اہل (وعیال) میں مست رہتا تھا (13) |
| إِنَّهُ ظَنَّ أَنْ لَنْ يَحُورَ (14) | اور خیال کرتا تھا کہ (اللہ کی طرف) پھر کر نہ جائے گا (14) |

معانقة 17

بَلٰىۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ⑮
ہاں (ہاں) اس کا پروردگار اس کو دیکھ رہا تھا ⑮

فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ⑯
شام کی سرخی گواہ ہے ⑯

وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ⑰
اور رات بھی اور جن چیزوں کو وہ اکٹھا کر لیتی ہے وہ بھی ⑰

وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ⑱
اور چاند بھی جب کامل ہو جائے ⑱

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ⑲
کہ تم درجہ درجہ (رتبۂ اعلیٰ پر) چڑھو گے ⑲

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑳
تو ان لوگوں کو کیا ہوا ہے کہ ایمان نہیں لاتے ⑳

وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ㉑ (السجدة)
اور جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے ㉑

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ㉒
بلکہ کافر جھٹلاتے ہیں ㉒

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ㉓
اور اللہ ان باتوں کو جو یہ اپنے ذہن میں چھپاتے ہیں خوب جانتا ہے ㉓

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ㉔
تو ان کو دکھ دینے والے عذاب کی خبر سنا دو ㉔

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ㉕ (ع 1)
ہاں جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے
لئے بے انتہا اجر ہے ㉕

## سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ — اٰيَاتُهَا 22 — رُكُوْعُهَا 1

## سورۂ بروج مکی ہے اس میں بائیس آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ①
آسمان گواہ ہے جس میں برج ہیں ①

وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ②
اور وہ دن بھی جس کا وعدہ ہے ②

وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ③
اور حاضر ہونے والے کی اور جو اس کے پاس حاضر کیا جائے اس کی ③

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ④
کہ خندقوں (کے کھودنے) والے ہلاک کر دیئے گئے ④

النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ⑤
(یعنی) آگ (کی خندقیں) جس میں ایندھن (جھونک رکھا) تھا ⑤

اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ⑥
جب کہ وہ ان (کے کناروں) پر بیٹھے ہوئے تھے ⑥

وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ⑦
اور جو (سختیاں) اہل ایمان پر کر رہے تھے ان کو سامنے دیکھ رہے تھے ⑦

وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ
ان کو مومنوں کی یہی بات بری لگتی تھی کہ وہ اللہ پر ایمان

| | |
|---|---|
| الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿8﴾ | لائے ہوئے تھے جو غالب اور قابلِ ستائش ہے ﴿8﴾ |
| الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ | جس کی آسمانوں اور زمین میں بادشاہت ہے اور اللہ ہر چیز |
| وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ؕ﴿9﴾ | سے واقف ہے ﴿9﴾ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ | جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں |
| ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ | اور توبہ نہ کی ان کو دوزخ کا (اور) عذاب بھی ہوگا اور جلنے کا |
| وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ؕ﴿10﴾ | عذاب بھی ہوگا ﴿10﴾ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | (اور) جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان |
| لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ | کے لئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔ یہی |
| ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ؕ﴿11﴾ | بڑی کامیابی ہے ﴿11﴾ |
| اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ؕ﴿12﴾ | بیشک تمہارے پروردگار کی پکڑ بہت سخت ہے ﴿12﴾ |
| اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۚ﴿13﴾ | وہی پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ (زندہ) کرے گا ﴿13﴾ |
| وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۙ﴿14﴾ | اور وہ بخشنے والا (اور) محبت کرنے والا ہے ﴿14﴾ |
| ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۙ﴿15﴾ | عرش کا مالک بڑی شان والا ﴿15﴾ |
| فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ؕ﴿16﴾ | جو چاہتا ہے کر دیتا ہے ﴿16﴾ |
| هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۙ﴿17﴾ | بھلا تم کو لشکروں کا حال معلوم ہوا ہے ﴿17﴾ |
| فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ؕ﴿18﴾ | (یعنی) فرعون اور ثمود کا ﴿18﴾ |
| بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ۙ﴿19﴾ | لیکن کافر (جان بوجھ کر) تکذیب میں (گرفتار) ہیں ﴿19﴾ |
| وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۚ﴿20﴾ | اور اللہ (بھی) ان کو گرداگرد سے گھیرے ہوئے ہے ﴿20﴾ |
| بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ﴿21﴾ | (یہ کتاب ہزل و بطلان نہیں) بلکہ یہ قرآن عظیم الشان ہے ﴿21﴾ |
| فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۧ﴿22﴾ ع 1 | لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ﴿22﴾ |

سورۃ الطارق مکیۃ — آیاتہا 17 — رکوعہا 1

سورہ طارق مکی ہے اس میں سترہ آیتیں ہیں

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ | شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے |

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿1﴾ — گواہ ہے آسمان اور رات کو ظاہر ہونے والا ﴿1﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿2﴾ — اور تم کو کیا معلوم کہ رات کے وقت آنے والا کیا ہے ﴿2﴾

النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿3﴾ — وہ تارا ہے چمکنے والا ﴿3﴾

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿4﴾ — کہ کوئی متنفس نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں ﴿4﴾

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿5﴾ — تو انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کاہے سے پیدا ہوا ہے ﴿5﴾

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿6﴾ — وہ اچھلتے ہوئے پانی سے پیدا ہوا ہے ﴿6﴾

يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿7﴾ — جو پیٹھ اور سینے کے بیچ میں سے نکلتا ہے ﴿7﴾

اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿8﴾ — بیشک اللہ اس کے اعادے (یعنی پھر پیدا کرنے) پر قادر ہے ﴿8﴾

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ﴿9﴾ — جس دن ذہنوں کے بھید جانچے جائیں گے ﴿9﴾

فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ﴿10﴾ — تو انسان کی کچھ پیش نہ چل سکے گی اور نہ کوئی اس کا مددگار ہوگا ﴿10﴾

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ﴿11﴾ — آسمان گواہ ہے جو مینہ برساتا ہے ﴿11﴾

وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿12﴾ — اور زمین کی قسم جو پھٹ جاتی ہے ﴿12﴾

اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿13﴾ — کہ یہ کلام (حق کو باطل سے) جدا کرنے والا ہے ﴿13﴾

وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ﴿14﴾ — اور بےہودہ بات نہیں ﴿14﴾

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿15﴾ — یہ لوگ تو اپنی تدبیروں میں لگ رہے ہیں ﴿15﴾

وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿16﴾ — اور ہم اپنی تدبیر کر رہے ہیں ﴿16﴾

فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿17﴾ ع 1 17 11 — تو تم کافروں کو مہلت دو بس چند روز ہی مہلت دو ﴿17﴾

## سُوْرَةُ الْاَعْلٰى مَكِّيَّةٌ — اٰیاتها 19 — رکوعها 1

## سورۂ اعلیٰ مکی ہے اس میں انیس آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ﴿1﴾ — (اے پیغمبرؐ) اپنے پروردگار جلیل الشان کے نام کی تسبیح کرو ﴿1﴾

الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿2﴾ — جس نے (انسان کو) بنایا پھر (اس کے اعضاء کو) درست کیا ﴿2﴾

وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ﴿3﴾ — اور جس نے (اس کا) اندازہ ٹھہرایا (پھر اس کو) رستہ بتایا ﴿3﴾

| | |
|---|---|
| وَالَّذِیٓ اَخۡرَجَ الۡمَرۡعٰی ﴿۴﴾ | اور جس نے چارہ اُگایا (4) |
| فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحۡوٰی ﴿۵﴾ | پھر اس کو سیاہ رنگ کا کوڑا کر دیا (5) |
| سَنُقۡرِئُكَ فَلَا تَنۡسٰۤی ﴿۶﴾ | ہم تمہیں پڑھا دیں گے کہ تم فراموش نہ کرو گے (6) |
| اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ یَعۡلَمُ الۡجَهۡرَ وَمَا یَخۡفٰی ﴿۷﴾ | مگر جو اللہ چاہے۔ وہ کھلی بات کو بھی جانتا ہے اور چھپی کو بھی (7) |
| وَنُیَسِّرُكَ لِلۡیُسۡرٰی ﴿۸﴾ | ہم تم کو آسان طریقے کی توفیق دیں گے (8) |
| فَذَكِّرۡ اِنۡ نَّفَعَتِ الذِّكۡرٰی ﴿۹﴾ | سو جہاں تک نصیحت (کے) نافع (ہونے کی اُمید) ہو نصیحت کرتے رہو (9) |
| سَیَذَّكَّرُ مَنۡ یَّخۡشٰی ﴿۱۰﴾ | جو خوف رکھتا ہے وہ تو نصیحت پکڑے گا (10) |
| وَیَتَجَنَّبُهَا الۡاَشۡقَی ﴿۱۱﴾ | اور (بے خوف) بدبخت پہلو تہی کرے گا (11) |
| الَّذِیۡ یَصۡلَی النَّارَ الۡكُبۡرٰی ﴿۱۲﴾ | جو (قیامت کو) بڑی (تیز) آگ میں داخل ہو گا (12) |
| ثُمَّ لَا یَمُوۡتُ فِیۡهَا وَلَا یَحۡیٰی ﴿۱۳﴾ | پھر وہاں نہ مرے گا نہ جیئے گا (13) |
| قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ تَزَكّٰی ﴿۱۴﴾ | بیشک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا ہے (14) |
| وَذَكَرَ اسۡمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰی ﴿۱۵﴾ | اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا (15) |
| بَلۡ تُؤۡثِرُوۡنَ الۡحَیٰوةَ الدُّنۡیَا ﴿۱۶﴾ | مگر تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو (16) |
| وَالۡاٰخِرَةُ خَیۡرٌ وَّاَبۡقٰی ﴿۱۷﴾ | حالانکہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے (17) |
| اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الۡاُوۡلٰی ﴿۱۸﴾ | یہی بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے (18) |
| صُحُفِ اِبۡرٰهِیۡمَ وَمُوۡسٰی ﴿۱۹﴾ ع 12 | (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں (19) |

سورۃ الغاشیة مکیة — آیاتها 26 — رکوعها 1

سورہ غاشیہ مکی ہے اس میں چھبیس آیتیں ہیں

| | |
|---|---|
| بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے |
| هَلۡ اَتٰىكَ حَدِیۡثُ الۡغَاشِیَةِ ﴿۱﴾ | بھلا تم کو ڈھانپ لینے والی (یعنی قیامت) کا حال معلوم ہوا ہے؟ (1) |
| وُجُوۡهٌ یَّوۡمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿۲﴾ | اس روز بہت سے منہ (والے) ذلیل ہوں گے (2) |

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ③
سخت محنت کرنے والے تھکے ماندے ③

تَصْلَىٰ نَارًا حَامِيَةً ④
دہکتی آگ میں داخل ہوں گے ④

تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ ⑤
ایک کھولتے ہوئے چشمے کا ان کو پانی پلایا جائے گا ⑤

لَّيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيعٍ ⑥
اور خاردار جھاڑ کے سوا ان کے لئے کوئی کھانا نہیں (ہوگا) ⑥

لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِن جُوعٍ ⑦
جو نہ فربہی لائے نہ بھوک میں کچھ کام آئے ⑦

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ⑧
اور بہت سے منہ (والے) اس روز شادماں ہوں گے ⑧

لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ⑨
اپنے اعمال (کی جزا) سے خوش ⑨

فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ⑩
بہشت بریں میں ⑩

لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً ⑪
وہاں کسی طرح کی بکواس نہیں سنیں گے ⑪

فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ⑫
اس میں چشمے بہ رہے ہوں گے ⑫

فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ ⑬
وہاں تخت ہوں گے اونچے بچھے ہوئے ⑬

وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ ⑭
اور آب خورے (قرینے سے) رکھے ہوئے ⑭

وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ ⑮
اور گاؤ تکیے قطار کی قطار میں لگے ہوئے ⑮

وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ ⑯
اور نفیس مسندیں بچھی ہوئیں ⑯

أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ⑰
یہ لوگ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے (عجیب) پیدا کئے گئے ہیں ⑰

وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ⑱
اور آسمان کی طرف کہ کیسا بلند کیا گیا ہے ⑱

وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ⑲
اور پہاڑوں کی طرف کہ کس طرح کھڑے کئے گئے ہیں ⑲

وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ⑳
اور زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی ⑳

فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ ㉑
تو تم نصیحت کرتے رہو کہ تم نصیحت کرنے والے ہی ہو ㉑

لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ ㉒
تم ان پر داروغہ نہیں ہو ㉒

إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ ㉓
ہاں جس نے منہ پھیرا اور نہ مانا ㉓

فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ ㉔
تو اللہ اسکو بڑا عذاب دے گا ㉔

إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ﴿25﴾
بیشک ان کو ہمارے پاس لوٹ کر آنا ہے ﴿25﴾

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿26﴾
پھر ہم ہی کو ان سے حساب لینا ہے ﴿26﴾

## سورۃ الفجر مکیۃ — آیاتها 30 — رکوعها 1

سورہ فجر مکی ہے اس میں تیس آیتیں ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْفَجْرِ ﴿1﴾
فجر گواہ ہے ﴿1﴾

وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿2﴾
اور دس راتیں بھی ﴿2﴾

وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿3﴾
اور جفت اور طاق بھی ﴿3﴾

وَاللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ ﴿4﴾
اور رات بھی جب جانے لگے ﴿4﴾

هَلْ فِي ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ ﴿5﴾
(اور) بیشک یہ چیزیں عقلمندوں کے نزدیک قسم (کھانے) (یعنی گواہی) کے لائق ہیں ﴿5﴾

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿6﴾
کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے عاد کے ساتھ کیا کیا؟ ﴿6﴾

إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿7﴾
(جو) ارم (کہلاتے تھے اتنے) دراز قد ﴿7﴾

الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ﴿8﴾
کہ تمام ملک میں ایسے پیدا نہیں ہوئے تھے ﴿8﴾

وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ﴿9﴾
اور ثمود کے ساتھ (کیا کیا) جو وادی (قریٰ) میں پتھر
تراشتے (اور گھر بناتے) تھے ﴿9﴾

وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ﴿10﴾
اور فرعون کے ساتھ (کیا کیا) جو خیمے اور میخیں رکھتا تھا ﴿10﴾

الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ﴿11﴾
یہ لوگ ملکوں میں سرکش ہو رہے تھے ﴿11﴾

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ﴿12﴾
اور ان میں بہت سی خرابیاں کرتے تھے ﴿12﴾

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿13﴾
تو تمہارے پروردگار نے ان پر عذاب کا کوڑا نازل کیا ﴿13﴾

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿14﴾
بیشک تمہارا پروردگار تاک میں ہے ﴿14﴾

فَأَمَّا الْإِنْسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ
وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ﴿15﴾
مگر انسان (عجیب مخلوق ہے کہ) جب اس کا پروردگار اس
کو آزماتا ہے کہ اسے عزت دیتا اور نعمت بخشتا ہے تو کہتا ہے
کہ (آہا) میرے پروردگار نے مجھے عزت بخشی ﴿15﴾

| | |
|---|---|
| وَأَمَّآ إِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ | اور جب (دوسری طرح) آزماتا ہے کہ اس پر روزی تنگ کر دیتا |
| فَيَقُولُ رَبِّيٓ أَهَانَنِ ﴿16﴾ | ہے۔ تو کہتا ہے کہ (ہائے) میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کیا ﴿16﴾ |
| كَلَّا بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ﴿17﴾ | نہیں بلکہ تم لوگ یتیم کی خاطر نہیں کرتے ﴿17﴾ |
| وَلَا تَحٰٓضُّونَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِينِ ﴿18﴾ | اور نہ مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتے ہو ﴿18﴾ |
| وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ﴿19﴾ | اور میراث کے مال کو سمیٹ کر کھا جاتے ہو ﴿19﴾ |
| وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿20﴾ | اور مال کو بہت ہی عزیز رکھتے ہو ﴿20﴾ |
| كَلَّآ إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿21﴾ | تو جب زمین کی بلندی کوٹ کوٹ کر پست کر دی جائے گی ﴿21﴾ |
| وَجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿22﴾ | اور تمہارا پروردگار (اس دن فیصلہ فرمانے کا) اور فرشتے قطار باندھ باندھ کر آموجود ہوں گے ﴿22﴾ |
| وَجِاْيٓءَ يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۚ يَوْمَئِذٍ | اور دوزخ اس دن حاضر کی جائے گی تو انسان اس دن متنبہ ہوگا |
| يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ وَأَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿23﴾ | مگر (اب) انتباہ سے اسے (فائدہ) کہاں (مل سکے گا؟) ﴿23﴾ |
| يَقُولُ يٰلَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي ﴿24﴾ | کہے گا کاش میں نے اپنی زندگی (جاودانی) کے لئے کچھ آگے بھیجا ہوتا ﴿24﴾ |
| فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ أَحَدٌ ﴿25﴾ | تو اس دن نہ کوئی اللہ کے عذاب کی طرح کا (کسی کو) عذاب دے گا ﴿25﴾ |
| وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهٗٓ أَحَدٌ ﴿26﴾ | اور نہ کوئی ویسا جکڑنا جکڑے گا ﴿26﴾ |
| يٰٓأَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿27﴾ | اے اطمینان پانے والے نفس! ﴿27﴾ |
| ارْجِعِيٓ إِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿28﴾ | اپنے پروردگار کی طرف لوٹ چل تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی ﴿28﴾ |
| فَادْخُلِي فِي عِبٰدِي ﴿29﴾ | تو میرے (ممتاز) بندوں میں شامل ہو جا ﴿29﴾ |
| وَادْخُلِي جَنَّتِي ﴿30﴾ | اور میری بہشت میں داخل ہو جا ﴿30﴾ |

## سُورَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ — آياتها 20 — ركوعها 1

سورہ بلد مکی ہے اس میں بیس آیتیں ہیں

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ | شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے |
| لَآ أُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿1﴾ | یہ شہر (مکہ) گواہ ہے ﴿1﴾ |
| وَأَنتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿2﴾ | اور تم اسی شہر میں تو رہتے ہو ﴿2﴾ |

وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ③ — اور باپ (یعنی آدم) اور اس کی اولاد کی قسم ③

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ كَبَدٍ ④ — کہ ہم نے انسان کو تکلیف (کی حالت) میں (رہنے والا) بنایا ہے ④

اَیَحْسَبُ اَنْ لَّنْ یَّقْدِرَ عَلَیْهِ اَحَدٌ ⑤ — کیا وہ خیال رکھتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پائے گا ⑤

یَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ⑥ — کہتا ہے کہ میں نے بہت سا مال برباد کر دیا ⑥

اَیَحْسَبُ اَنْ لَّمْ یَرَهٗۤ اَحَدٌ ⑦ — کیا اسے یہ گمان ہے کہ اس کو کسی نے دیکھا نہیں ⑦

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَیْنَیْنِ ⑧ — بھلا ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دیں؟ ⑧

وَلِسَانًا وَّشَفَتَیْنِ ⑨ — اور زبان اور دو ہونٹ (نہیں دیئے یہ چیزیں بھی دیں) ⑨

وَهَدَیْنٰهُ النَّجْدَیْنِ ⑩ — اور اس کو (خیر و شر کے) دونوں رستے بھی دکھا دیئے ⑩

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ⑪ — مگر وہ گھاٹی پر سے ہو کر نہ گزرا ⑪

وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ⑫ — اور تم کیا سمجھے کہ گھاٹی کیا ہے؟ ⑫

فَكُّ رَقَبَةٍ ⑬ — کسی کی گردن کا چھڑانا ⑬

اَوْ اِطْعٰمٌ فِیْ یَوْمٍ ذِیْ مَسْغَبَةٍ ⑭ — یا بھوک کے دن کھانا کھلانا ⑭

یَّتِیْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ⑮ — یتیم رشتہ دار کو ⑮

اَوْ مِسْكِیْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ⑯ — یا فقیر خاکسار کو ⑯

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا — پھر ان لوگوں میں بھی (داخل) ہوا جو ایمان لائے اور صبر کی

بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ⑰ — نصیحت اور (لوگوں پر) شفقت کرنے کی وصیت کرتے رہے ⑰

اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ الْمَیْمَنَةِ ⑱ — یہی لوگ صاحبِ سعادت ہیں ⑱

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِنَا هُمْ اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ⑲ — اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو نہ مانا وہ بدبخت ہیں ⑲

ع 1/20/15 عَلَیْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ⑳ — یہ لوگ آگ میں بند کر دیئے جائیں گے ⑳

سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ — آیاتھا 15 — رکوعہا 1

سورۂ شمس مکی ہے اس میں پندرہ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ — شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ① — سورج گواہ ہے اور اس کی روشنی بھی ①

وَالْقَمَرِ إِذَا تَلٰهَا ② — اور چاند بھی جب اسے کے پیچھے نکلے ②

وَالنَّهَارِ إِذَا جَلّٰهَا ③ — اور دن بھی جب اسے چمکا دے ③

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰهَا ④ — اور رات بھی جب اسے چھپا لے ④

وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنٰهَا ⑤ — اور آسمان بھی اور وہ ذات بھی جس نے اسے بنایا ⑤

وَالْأَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ⑥ — اور زمین بھی اور وہ بھی جس نے اسے پھیلایا ⑥

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ⑦ — اور انسان بھی اور وہ بھی جس نے اس کے اعضاء کو برابر کیا ⑦

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوٰهَا ⑧ — پھر اس کو بدکاری (سے بچنے) اور پرہیزگاری کرنے کی سمجھ دی ⑧

قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ⑨ — کہ جس نے (اپنے) نفس (یعنی کردار) کو پاک رکھا وہ مراد کو پہنچا ⑨

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ⑩ — اور جس نے اسے خاک میں ملایا وہ خسارے میں رہا ⑩

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوٰهَا ⑪ — (قوم) ثمود نے اپنی سرکشی کے سبب (پیغمبر کو) جھٹلایا ⑪

إِذِ انْبَعَثَ أَشْقٰهَا ⑫ — جب ان میں سے ایک نہایت بدبخت اُٹھا ⑫

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ⑬ — تو اللہ کے پیغمبر (صالحؑ) نے ان سے کہا کہ اللہ کی اونٹنی اور اس کے پانی پینے کی باری سے حذر کرو ⑬

فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْبِهِمْ فَسَوّٰهَا ⑭ — مگر انہوں نے پیغمبر کو جھٹلایا اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں تو اللہ نے ان کے گناہ کے سبب ان پر عذاب نازل کیا اور سب کو (ہلاک کر کے) برابر کر دیا ⑭

ع وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ⑮ — اور اس کو ان کے بدلہ لینے کا کچھ بھی ڈر نہیں ⑮

سورۃ اللیل مکیۃ — آیاتها 21 — رکوعها 1

سورہ لیل مکی ہے اس میں اکیس آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ — شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى ① — رات گواہ ہے جب (دن کو) چھپا لے ①

وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى ② — دن گواہ ہے جب چمک اٹھے ②

وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثٰى ③ — اور وہ (ذات) گواہ ہے جس نے نر اور مادہ پیدا کئے ③

إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتَّىٰ ﴿4﴾ کہ تم لوگوں کی کوشش طرح طرح کی ہے ﴿4﴾

فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ وَاتَّقَىٰ ﴿5﴾ تو جس نے (اللہ کے رستے میں مال) دیا اور پرہیزگاری کی ﴿5﴾

وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَىٰ ﴿6﴾ اور نیک بات کو سچ جانا ﴿6﴾

فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَىٰ ﴿7﴾ اس کو ہم آسان طریقے کی توفیق دیں گے ﴿7﴾

وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَىٰ ﴿8﴾ اور جس نے بخل کیا اور بے پرواہ بنا رہا ﴿8﴾

وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَىٰ ﴿9﴾ اور نیک بات کو جھوٹ سمجھا ﴿9﴾

فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَىٰ ﴿10﴾ اسے سختی میں پہنچائیں گے ﴿10﴾

وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدَّىٰ ﴿11﴾ اور جب وہ (دوزخ کے گڑھے میں) گرے گا تو اس کا مال اس کے کچھ بھی کام نہ آئے گا ﴿11﴾

إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدَىٰ ﴿12﴾ ہمیں تو راہ دکھا دینا ہے ﴿12﴾

وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُولَىٰ ﴿13﴾ اور آخرت اور دنیا ہماری ہی چیزیں ہیں ﴿13﴾

فَأَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظَّىٰ ﴿14﴾ سو میں نے تم کو بھڑکتی آگ سے متنبہ کر دیا ﴿14﴾

لَا يَصْلَاهَا إِلَّا الْأَشْقَى ﴿15﴾ اس میں وہی داخل ہوگا جو بڑا بدبخت ہے ﴿15﴾

الَّذِي كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ﴿16﴾ جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا ﴿16﴾

وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ﴿17﴾ اور جو بڑا پرہیزگار ہے وہ (اس سے) بچا لیا جائے گا ﴿17﴾

الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّىٰ ﴿18﴾ جو مال دیتا ہے تاکہ پاک ہو ﴿18﴾

وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ نِعْمَةٍ تُجْزَىٰ ﴿19﴾ اور اس لئے نہیں دیتا کہ اس پر کسی کا احسان ہے جس کا وہ بدلہ اُتارتا ہے ﴿19﴾

إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَىٰ ﴿20﴾ بلکہ اپنے رب اعلیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے دیتا ہے ﴿20﴾

وَلَسَوْفَ يَرْضَىٰ ﴿21﴾ اور وہ عنقریب خوش ہو جائے گا ﴿21﴾ (ع 1 / 21 / 17)

## سورۃ الضحیٰ مکیۃ — آیاتہا 11 — رکوعہا 1

سورہ ضحیٰ مکی ہے اور اس میں گیارہ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالضُّحَىٰ ﴿1﴾ آفتاب کی روشنی کی گواہ ہے ﴿1﴾

| | |
|---|---|
| وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى (2) | اور رات (کی تاریکی) کی جب چھا جائے (2) |
| مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى (3) | (اے محمدؐ) تمہارے پروردگار نے نہ تو تم کو چھوڑا اور نہ (تم سے) ناراض ہوا (3) |
| وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى (4) | اور آخرت تمہارے لئے پہلی (حالت یعنی دنیا) سے کہیں بہتر ہے (4) |
| وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى (5) | اور تمہیں پروردگار عنقریب وہ کچھ عطا فرمائے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے (5) |
| اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى (6) | بھلا اس نے تمہیں یتیم پا کر جگہ نہیں دی (بے شک دی) (6) |
| وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى (7) | اور رستے سے ناواقف دیکھا تو سیدھا رستہ دکھایا (7) |
| وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى (8) | اور تنگ دست پایا تو غنی کر دیا (8) |
| فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ (9) | تو تم بھی یتیم پر ستم نہ کرنا (9) |
| وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ (10) | اور مانگنے والے کو جھڑکی نہ دینا (10) |
| وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (11) | اور اپنے پروردگار کی نعمتوں کا بیان کرتے رہنا (11) |

## سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ مَكِّيَّةٌ — اٰيَاتُهَا 8 — رُكُوْعُهَا 1

## سورۂ انشراح مکی ہے اور اس میں آٹھ آیتیں ہیں

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے |
| اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ (1) | (اے محمدؐ) کیا ہم نے تمہارا سینہ کھول نہیں دیا؟ (بیشک کھول دیا) (1) |
| وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ (2) | اور تم پر سے بوجھ بھی اُتار دیا (2) |
| الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ (3) | جس نے تمہاری پیٹھ توڑ رکھی تھی (3) |
| وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ (4) | اور تمہارا ذکر بلند کیا (4) |
| فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (5) | ہاں (ہاں) مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے (5) |
| اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (6) | (اور) بیشک مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے (6) |
| فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ (7) | تو جب فارغ ہوا کرو تو (عبادت میں) محنت کیا کرو (7) |
| وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ (8) | اور اپنے پروردگار کی طرف متوجہ ہو جایا کرو (8) |

## سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ — اٰيَاتُهَا 8 — رُكُوْعُهَا 1

## سورۂ تین مکی ہے اور اس میں آٹھ آیتیں ہیں

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے |

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ (1)
انجیر گواہ ہے اور زیتون بھی (1)

وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ (2)
اور طور سینین بھی (2)

وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۙ (3)
اور اس امن والا شہر بھی (3)

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ (4)
کہ ہم نے انسان کو بہت اچھی صورت میں پیدا کیا ہے (4)

ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۙ (5)
پھر (رفتہ رفتہ) اس (کی حالت) کو (بدل کر) پست سے پست کر دیا (5)

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۭ (6)
مگر جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لئے بے انتہا اجر ہے (6)

فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۭ (7)
تو (اے آدم زاد) پھر تو جزا کے دن کو کیوں جھٹلاتا ہے؟ (7)

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ (8)
کیا اللہ سب سے بڑا حاکم نہیں ہے؟ (8)

| | | |
|---|---|---|
| سورۃ العلق مکیۃ | آیاتہا 19 | رکوعہا 1 |

سورہ علق مکی ہے اور اس میں انیس آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۚ (1)
(اے محمدؐ) اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھو جس نے (عالم کو) پیدا کیا (1)

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ (2)
جس نے انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا (2)

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ (3)
پڑھو اور تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے (3)

الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ (4)
جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا (4)

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۭ (5)
اور انسان کو وہ باتیں سکھائیں جس کا اس کو علم نہ تھا (5)

كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۙ (6)
مگر انسان سرکش ہو جاتا ہے (6)

اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۭ (7)
جبکہ اپنے تئیں غنی دیکھتا ہے (7)

اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۭ (8)
کچھ شک نہیں کہ اس کو تمہارے پروردگار ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (8)

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۙ (9)
بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جو منع کرتا ہے (9)

عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۭ (10)
(یعنی) ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھنے لگتا ہے (10)

اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَي الْهُدٰٓى ۙ (11)
بھلا دیکھو تو اگر یہ راہِ راست پر ہو (11)

أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوٰى ⑫
یا پرہیزگاری کا حکم کرے (تو منع کرنا کیسا) ⑫

أَرَءَيْتَ إِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ⑬
اور دیکھ تو اگر اس نے دین حق کو جھٹلایا اور اس سے منہ موڑا (تو کیا ہوا) ⑬

أَلَمْ يَعْلَمْ بِأَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ⑭
کیا اس کو معلوم نہیں کہ اللہ دیکھ رہا ہے ⑭

كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ⑮
دیکھو اگر وہ باز نہ آئے گا تو ہم اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے ⑮

نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ⑯
(یعنی) اس جھوٹے خطاکار کی پیشانی کے بال ⑯

فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ⑰
تو وہ اپنے یاروں کی مجلس کو بلالے ⑰

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ⑱
ہم بھی اپنے موکلانِ دوزخ کو بلائیں گے ⑱

كَلَّا ۗ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ⑲
دیکھو اس کا کہنا نہ ماننا اور سجدہ کرنا اور قربِ (اللہ) حاصل کرتے رہنا ⑲

سورۃ القدر مکیۃ — آیاتها 5 — رکوعها 1

سورۂ قدر مکی ہے اور اس میں پانچ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إِنَّآ أَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ①
ہم نے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں نازل (کرنا شروع) کیا ①

وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ②
اور تمہیں کیا معلوم کہ شبِ قدر کیا ہے؟ ②

لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ③
شبِ قدر ہزار مہینے سے بہتر ہے ③

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِّنْ كُلِّ أَمْرٍ ④
اس میں روح (الامین) اور فرشتے ہر کام کے (انتظام کے لئے) اپنے پروردگار کے حکم سے اُترتے ہیں ④

سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ⑤
یہ (رات) طلوعِ صبح تک (امان اور) سلامتی ہے ⑤

سورۃ البینة مدنیۃ — آیاتها 8 — رکوعها 1

سورۂ البینة مدنی ہے اور اس میں آٹھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ①
جو لوگ کافر ہیں (یعنی) اہلِ کتاب اور مشرک وہ (کفر سے) باز رہنے والے نہ تھے جب تک کہ ان کے پاس کھلی دلیل (نہ) آتی ①

رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ②
(یعنی) اللہ کے پیغمبر جو پاک اوراق پڑھتے ہیں ②

فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ③ — جن میں مستحکم (آیتیں) لکھی ہوئی ہیں ③

وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ إِلَّا — اور اہلِ کتاب جو متفرق (ومختلف) ہوئے ہیں تو دلیل واضح

مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ④ — کے آنے کے بعد (ہوئے ہیں) ④

وَمَآ أُمِرُوٓا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ — اور ان کو حکم تو یہی ہوا تھا کہ اخلاصِ عمل کے ساتھ اللہ کی

لَهُ الدِّينَ حُنَفَآءَ وَيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ — عبادت کریں (اور یک سو ہو کر) اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ

وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ ⑤ — دیں اور یہی سچا دین ہے ⑤

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَ — جو لوگ کافر ہیں (یعنی) اہلِ کتاب اور مشرک وہ دوزخ کی

الْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِينَ فِيهَا — آگ میں (پڑیں گے اور) ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ یہ

أُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ⑥ — لوگ سب مخلوق سے بدتر ہیں ⑥

إِنَّ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ — اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہ تمام

أُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ⑦ — خلقت سے بہتر ہیں ⑦

جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ — ان کا صلہ ان کے پروردگار کے ہاں ہمیشہ رہنے کے باغ

تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَآ — ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں ابدالآباد ان میں رہیں

أَبَدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ — گے۔ اللہ ان سے خوش اور وہ اس سے خوش یہ (صلہ) اس

ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ⑧ — کے لئے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا ہے ⑧

## سُورَةُ الزَّلْزَال — آیاتها 8 — رکوعها 1

سورۂ زلزال مدنی ہے اور اس میں آٹھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ — شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا ① — جب زمین بھونچال سے ہلا دی جائے گی ①

وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا ② — اور زمین اپنے (اندر کے) بوجھ نکال ڈالے گی ②

وَقَالَ الْإِنْسَانُ مَا لَهَا ③ — اور انسان کہے گا کہ اس کو کیا ہوا ہے؟ ③

يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا ④ — اس روز وہ اپنے حالات بیان کر دے گی ④

بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحٰى لَهَا ⑤ — کیونکہ تمہارے پروردگار نے اس کو حکم بھیجا (ہوگا) ⑤

يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِّيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ ⑥
اس دن لوگ گروہ گروہ ہو کر آئیں گے۔ تاکہ ان کو ان کے اعمال دکھا دیئے جائیں ⑥

فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ⑦
تو جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا ⑦

وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ⑧
اور جس نے ذرہ بھر برائی کی ہو گی وہ اسے دیکھ لے گا ⑧

## سُورَةُ العادیات — آیاتها 11 — رکوعها 1

سورۂ عادیات مکی ہے اور اس میں گیارہ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحًا ①
سرپٹ دوڑنے والے گھوڑے گواہ ہیں جو ہانپ اٹھتے ہیں ①

فَالْمُورِيَاتِ قَدْحًا ②
پھر پتھروں پر (نعل) مار کر آگ نکالتے ہیں ②

فَالْمُغِيرَاتِ صُبْحًا ③
پھر صبح کو چھاپا مارتے ہیں ③

فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا ④
پھر اس میں گرد اٹھاتے ہیں ④

فَوَسَطْنَ بِهِ جَمْعًا ⑤
پھر اس وقت (دشمن کی) فوج میں جا گھستے ہیں ⑤

إِنَّ الْإِنسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ ⑥
کہ انسان اپنے پروردگار کا احسان ناشناس (اور ناشکرا) ہے ⑥

وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ ⑦
اور وہ اس سے آگاہ بھی ہے ⑦

وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ⑧
وہ تو مال کی سخت محبت کرنے والا ہے ⑧

أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ ⑨
کیا وہ اس وقت کو نہیں جانتا کہ جو (مردے) قبروں میں ہیں وہ باہر نکال لئے جائیں گے ⑨

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ ⑩
اور جو (بھید) دلوں میں ہیں وہ ظاہر کر دیئے جائیں گے ⑩

إِنَّ رَبَّهُم بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ ⑪
بیشک ان کا پروردگار اس روز ان سے خوب واقف ہو گا ⑪

## سُورَةُ القارعة — آیاتها 11 — رکوعها 1

سورۂ قارعہ مکی ہے اور اس میں گیارہ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الْقَارِعَةُ ①
کھڑکھڑانے والی ①

مَا الْقَارِعَةُ ۚ ②
کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟ ②

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ ۗ ③
اور تم کیا جانو کہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟ ③

يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ ۙ ④
(وہ قیامت ہے) جس دن لوگ ایسے ہوں گے جیسے بکھرے ہوئے پتنگے ④

وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوشِ ۗ ⑤
اور پہاڑ ایسے ہو جائیں گے جیسے دھنکی ہوئی رنگ برنگ کی اون ⑤

فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ ۙ ⑥
تو جس کے (اعمال کے) وزن بھاری نکلیں گے ⑥

فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَاضِيَةٍ ۗ ⑦
وہ دل پسند عیش میں ہوگا ⑦

وَأَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ ۙ ⑧
اور جس کے وزن ہلکے نکلیں گے ⑧

فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ ۗ ⑨
اس کا مرجع "ھاویہ" ہے ⑨

وَمَا أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ ۗ ⑩
اور تم کیا سمجھے کہ "ھاویہ" کیا چیز ہے؟ ⑩

نَارٌ حَامِيَةٌ ۠ ⑪
وہ دہکتی ہوئی آگ ہے ⑪

## سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ — آیاتها 8 — رکوعها 1

سورہ تکاثر مکی ہے اور اس میں آٹھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ ①
(لوگو) تم کو (مال کی) بہت سی طلب نے غافل کر دیا ①

حَتَّىٰ زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۗ ②
یہاں تک کہ تم نے قبریں جا دیکھیں ②

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ ۙ ③
دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا ③

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ ۗ ④
پھر دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا ④

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُونَ عِلْمَ الْيَقِينِ ۗ ⑤
دیکھو اگر تم جانتے (یعنی) علم الیقین (رکھتے تو غفلت نہ کرتے) ⑤

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيمَ ۙ ⑥
تم ضرور دوزخ کو دیکھو گے ⑥

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِينِ ۙ ⑦
پھر اس کو (ایسا) دیکھو گے (کہ) عین الیقین (آ جائے گا) ⑦

ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ ۠ ⑧
پھر اس روز تم سے (شکر) نعمت کے بارے میں پرسش ہوگی ⑧

## سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ — آیاتها 3 — رکوعها 1

سورہ عصر مکی ہے اور اس میں تین آیتیں ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْعَصْرِ ﴿1﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ﴿2﴾
زمانہ گواہ ہے ① کہ انسان نقصان میں ہے ②

اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور

وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿3﴾
آپس میں حق (بات) کی تلقین اور صبر کی تاکید کرتے رہے ③

## سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ — اٰيَاتُهَا 9 — رُكُوْعُهَا 1

## سورہ ہمزہ مکی ہے اور اس میں نو آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَیْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ﴿1﴾
ہر طعن آمیز اشارتیں کرنے والے چغل خور کی خرابی ہے ①

الَّذِیْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ﴿2﴾
جو مال جمع کرتا اور اس کو گن گن کر رکھتا ہے ②

یَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ﴿3﴾
اور خیال کرتا ہے کہ اس کا مال اس کی ہمیشہ کی زندگی کا موجب ہوگا ③

كَلَّا لَیُنْۢبَذَنَّ فِی الْحُطَمَةِ ﴿4﴾
ہرگز نہیں وہ ضرور "حطمہ" میں ڈالا جائے گا ④

وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ﴿5﴾
اور تم کیا سمجھے "حطمہ" کیا ہے ⑤

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ﴿6﴾
وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے ⑥

الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ﴿7﴾
جو دلوں پر جا لپٹے گی ⑦

اِنَّهَا عَلَیْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ﴿8﴾
(اور) وہ اس میں بند کر دیئے جائیں گے ⑧

فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿9﴾
یعنی (آگ کے) لمبے لمبے ستونوں میں ⑨

## سُوْرَةُ الْفِیْلِ مَكِّيَّةٌ — اٰيَاتُهَا 5 — رُكُوْعُهَا 1

## سورہ فیل مکی ہے اور اس میں پانچ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَمْ تَرَ كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ ﴿1﴾
کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا ①

اَلَمْ یَجْعَلْ كَیْدَهُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ ﴿2﴾
کیا ان کا داؤ غلط نہیں کیا؟ ②

وَّاَرْسَلَ عَلَیْهِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ﴿3﴾
اور ان پر جھلڑ کے جھلڑ جانور بھیجے ③

تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ ﴿4﴾
جو ان پر کنکر کی پتھریاں پھینکتے تھے ④

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ﴿5﴾
تو ان کو ایسا کر دیا جیسے کھایا ہوا بھس ⑤

سُوْرَۃُ قُرَیْشٍ مَکِّیَّۃٌ — اٰیَاتُھَا 4 — رُکُوْعُھَا 1

## سورہ قریش مکی ہے اور اس میں چار آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ — شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ① — قریش کے مانوس کرنے کے سبب ①

اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ② — (یعنی) ان کو جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے سبب ②

فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ③ — (لوگوں کو) چاہیے کہ (اس نعمت کے شکر میں) اس گھر کے مالک کی عبادت کریں ③

الَّذِیْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ۬ وَّاٰمَنَهُمْ — جس نے ان کو بھوک میں کھانا کھلایا۔ اور خوف سے

ع 1 4 31 مِّنْ خَوْفٍ ④ — امن بخشا ④

سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنِ مَکِّیَّۃٌ — اٰیَاتُھَا 7 — رُکُوْعُھَا 1

## سورہ ماعون مکی ہے اور اس میں سات آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ — شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُكَذِّبُ بِالدِّیْنِ ① — بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جو (روز) جزا کو جھٹلاتا ہے ①

فَذٰلِكَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ ② — یہ وہی (بدبخت) ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے ②

وَلَا یَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِیْنِ ③ — اور فقیر کو کھانا کھلانے کے لئے (لوگوں کو) ترغیب نہیں دیتا ③

فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ④ — تو ایسے نمازیوں کی خرابی ہے ④

الَّذِیْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ⑤ — جو نماز کی طرف سے غافل رہتے ہیں ⑤

الَّذِیْنَ هُمْ یُرَآءُوْنَ ⑥ — جو ریا کاری کرتے ہیں ⑥

ع 1 7 32 وَیَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ⑦ — اور برتنے کی چیزیں عاریت نہیں دیتے ⑦

سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّۃٌ — اٰیَاتُھَا 3 — رُکُوْعُھَا 1

## سورہ کوثر مکی ہے اور اس میں تین آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ — شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّاۤ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ① — (اے محمدؐ) ہم نے تم کو کوثر عطا فرمائی ہے ①

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ② — تو اپنے پروردگار کے لئے نماز پڑھا کرو اور قربانی کیا کرو ②

ع 1 3 33 اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ③ — کچھ شک نہیں کہ تمہارا دشمن ہی بے اولاد رہے گا ③

سُورَةُ الْكَافِرُونَ مَكِّيَّةٌ — آيَاتُهَا 6 — رُكُوعُهَا 1

## سورۂ کافرون مکی ہے اور اس میں چھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ① (اے پیغمبر ان منکران اسلام سے) کہہ دو کہ اے کافرو! ①

لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ② جن (بتوں) کو تم پوجتے ہو ان کو میں نہیں پوجتا ②

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ③ اور جس (اللہ) کی میں عبادت کرتا ہوں اس کی تم عبادت نہیں کرتے ③

وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ④ اور جن کی تم پرستش کرتے ہو ان کی میں پرستش کرنے والا نہیں ہوں ④

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ⑤ اور نہ تم اس کی بندگی کرنے والے ہو جس کی میں بندگی کرتا ہوں ⑤

لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ⑥ تم اپنے دین پر میں اپنے دین پر ⑥

ع 1 6 34

سُورَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ — آيَاتُهَا 3 — رُكُوعُهَا 1

## سورۂ نصر مدنی ہے اور اس میں تین آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ① جب اللہ کی مدد آ پہنچی اور فتح (حاصل ہو گئی) ①

وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ② اور تم نے دیکھ لیا کہ لوگ غول کے غول اللہ کے دین میں داخل ہو رہے ہیں ②

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ③ تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرو اور اس سے مغفرت مانگو۔ بیشک وہ معاف کرنے والا ہے ③

ع 1 35

سُورَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ — آيَاتُهَا 5 — رُكُوعُهَا 1

## سورۂ لہب مکی ہے اور اس میں پانچ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ① ابولہب کے ہاتھ ٹوٹیں اور وہ ہلاک ہو ①

مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ② نہ تو اس کا مال ہی اس کے کچھ کام آیا اور نہ وہ جو اس نے کمایا ②

سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ③ وہ جلد بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہوگا ③

وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ④ اور اس کی جورو بھی جو ایندھن سر پر اٹھائے پھرتی ہے ④

فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ⑤ اس کے گلے میں مونج کی رسی ہوگی ⑤

ع 1 5 36

سورۃ الاخلاص | ایاتھا 4 | رکوعھا 1 | مکیۃ

سورۂ اخلاص مکی ہے اوراس میں چار آیتیں ہیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾
کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) اللہ (ہے) ایک ہے ﴿۱﴾

اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾
(وہ) معبود برحق بے نیاز ہے ﴿۲﴾

لَمۡ یَلِدۡ ۬ۙ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾
نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا ﴿۳﴾

وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ٪﴿۴﴾
اور کوئی اس کا ہمسر نہیں ﴿۴﴾

ع 1 4 37

سورۃ الفلق | ایاتھا 5 | رکوعھا 1 | مکیۃ

سورۂ فلق مکی ہے اوراس میں پانچ آیتیں ہیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾
کہو کہ میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں ﴿۱﴾

مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾
ہر چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی ﴿۲﴾

وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾
اور شب تاریک کی برائی سے جب اس کا اندھیرا چھا جائے ﴿۳﴾

وَ مِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾
اور (منافقین کی) جماعتوں کے شر سے جو (مومنین میں) سازشیں پھیلائیں ﴿۴﴾

وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ٪﴿۵﴾
اور حسد کرنے والے کی برائی سے جب حسد کرنے لگے ﴿۵﴾

ع 1 5 38

سورۃ الناس | ایاتھا 6 | رکوعھا 1 | مکیۃ

سورۂ الناس مکی ہے اوراس میں چھ آیتیں ہیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾
کہو کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں ﴿۱﴾

مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾
(یعنی) لوگوں کے حقیقی بادشاہ کی ﴿۲﴾

اِلٰہِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾
لوگوں کے معبود برحق کی ﴿۳﴾

مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾
(شیطان) وسوسہ انداز کی برائی سے جو (اللہ کا نام سن کر) پیچھے ہٹ جاتا ہے ﴿۴﴾

الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾
جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے ﴿۵﴾

مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ٪﴿۶﴾
(خواہ وہ) جنات سے ہو یا انسانوں میں سے ﴿۶﴾

ع 1 6 39